رہبر معظم کی موجودگي میں حضرت زہرا (س) کی شہادت کی مناسبت سے آخری مجلس منعقد ہوئی - 15 /Apr/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی امام خامنہ ای کی موجودگی میں حسینیہ امام خمینی (رہ) میں شہزادی کونین ،صدیقہ کبری حضرت فاطمہ زہرا (سلام اللہ علیہا) کی شہادت کے سلسلے میں پانچویں اور آخری مجلس عزا منعقد ہوئی -

بی بی دوعالم کی مجلس عزا میں عوام کے مختلف طبقات اوراعلی فوجی اور سول حکام نے شرکت کیـ مجلس عزامیں حجۃ الاسلام والمسلمین پناہیان اور جناب مرتضی طاہری نے شہزادی کونین ام الائمہ حضرت فاطمہ زہراسلام اللہ علیہا کے فضائل اور مصائب پیش کئے اور عزاداروں نے شہزادی دو عالم کے سوگ و غم میں گریہ و ماتم کیاـ

واضح رہے کہ حسینیہ امام خمینی (رہ) میں مجالس عزا کا یہ سلسلہ 30 جمادی الاول سے شروع ہوا اور 4 جمادی الثانی بروز پیر، پانچ دن تک جاری رہاـ